PUNJKASH

TRAVEL & TOURISM

where every journey leads further

A PILGRIM'S GUIDEBOOK

Hajj & ʻUmrah

حج و عمرہ

GUIDANCE & SUPPLICATIONS · ENGLISH & URDU

رہنمائی و دعائیں · انگلش اور اردو میں

In the light of the Qur'an and Sahih Hadith

قرآن و صحیح احادیث کے مطابق

COMPILED BY

Dr Aasim Munir Dad

Lieutenant Commander (Retd), Pakistan Navy



THE TALBIYAH

لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ،
إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ

Labbayk Allāhumma labbayk, labbayka lā sharīka laka labbayk, inna l-ḥamda wa n-niʿmata laka wa l-mulk, lā sharīka lak.

At Your service, O Allah, at Your service. At Your service, You have no partner, at Your service. Truly all praise, favour and sovereignty are Yours. You have no partner.

اے اللہ ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں۔ تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں۔ یقیناً سب تعریف، نعمت اور بادشاہت تیرے ہی لیے ہے، تیرا کوئی شریک نہیں۔

A WORD BEFORE YOU BEGIN

Labbayk, and welcome

You have been invited to the House of Allah. This small book walks with you through every step of ʻUmrah and the five days of Hajj, then on to Madinah, in simple English and Urdu, with each duʻā in Arabic, its pronunciation and its meaning. Every ruling is given in the light of the Qur'an and Sahih Hadith, with references so you can check them yourself.

Keep it on your phone, read a few pages before each step, and tick off the packing list before you leave home.

آپ کو اللہ کے گھر کی حاضری کی دعوت ملی ہے۔ یہ مختصر کتابچہ عمرہ کے ہر مرحلے اور حج کے پانچ دنوں میں، اور پھر مدینہ منورہ تک، آسان انگلش اور اردو میں آپ کی رہنمائی کرتا ہے۔ ہر دعا عربی متن، تلفظ اور ترجمے کے ساتھ دی گئی ہے، اور ہر مسئلہ قرآن و صحیح احادیث کے حوالوں کے ساتھ ہے۔

Dr Aasim Munir Dad
Lieutenant Commander (Retd), Pakistan Navy
Director, PunjKash Travel and Tourism (Private) Ltd

PUNJKASH
TRAVEL & TOURISM
where every journey leads further

Presented with prayers by **PunjKash Travel and Tourism (Private) Ltd**
Hajj · Umrah · Ticketing · Holiday Packages · Tours · Visa Support
12 Commercial, Sector G, DHA Phase-1, Lahore, Pakistan
www.punjkash.com · hello@punjkash.com · 0333 9395444

© 2026 PunjKash Travel and Tourism (Private) Ltd. Compiled by Dr Aasim Munir Dad. Shared free with our pilgrims; not for sale.

INSIDE THIS GUIDE

Contents فہرست

PART ONE — **Before You Travel** سفر سے پہلے — 1
- Remember to Take With You — 1
- Preparation on the Day of Travelling — 2
- Meeqat & Intention for ʻUmrah — 3
- Prohibitions in Ihrām — 4
- Permitted Acts in Ihrām — 5

PART TWO — **Performing ʻUmrah** عمرہ کا طریقہ — 6
- Upon Entering Makkah — 6
- Entering Masjid al-Haram — 7
- The Kaʻbah at a Glance — 8
- Ṭawāf — 8
- Ṣalāh at Maqām Ibrāhīm — 10
- Āb-e-Zamzam — 11
- Saʻī between Ṣafā and Marwah — 12

PART THREE — **Hajj Day by Day** حج کا تفصیلی طریقہ — 14
- 8th Dhul-Hijjah · Mina — 15
- 9th Dhul-Hijjah · The Day of ʻArafah — 16
- Night of the 10th · Muzdalifah — 17
- 10th Dhul-Hijjah · The Day of Sacrifice — 17
- 11th to 13th Dhul-Hijjah · Days of Tashrīq — 18

PART FOUR — **Madinah & Ziyārah** مدینہ منورہ اور زیارات — 20
- Virtues and Etiquettes of Masjid an-Nabawi — 20
- Visiting the Blessed Grave — 21
- Visiting Sacred Places — 22

PART FIVE — **Etiquette in the Holy Cities** مکہ و مدینہ کے آداب — 23
- Important Acts in Makkah and Madinah — 23
- Undesirable Acts in Makkah and Madinah — 23

My Travel Notes میرے سفری نوٹس — 24

PART ONE

Before You Travel

سفر سے پہلے

Pack well, prepare your heart, and know the rules of Ihrām before you reach the Meeqat.

Remember to Take With You

ساتھ لے جانے کی اشیاء

NECESSARY — ضروری اشیاء

- [ ] Passport, ticket & visa photocopies
  پاسپورٹ، ٹکٹ اور ویزا کی فوٹو کاپیاں
- [ ] Vaccination card
  ویکسینیشن کارڈ
- [ ] Money
  رقم
- [ ] Important contact numbers
  اہم رابطہ نمبرز
- [ ] Small Qur'an & Du'ā book
  چھوٹا قرآن اور دعا کی کتاب
- [ ] Mobile phone & charger
  موبائل فون اور چارجر
- [ ] Sleeping bag or chattai
  سونے کے لیے سلیپنگ بیگ یا چٹائی

TOILETRIES — ذاتی صفائی کا سامان

- [ ] Miswak, toothbrush, toothpaste
  مسواک، ٹوتھ برش، ٹوتھ پیسٹ
- [ ] Non-perfumed soap & shampoo
  بغیر خوشبو والا صابن اور شیمپو
- [ ] Brush, comb
  برش، کنگھی
- [ ] Nail cutter, scissors
  ناخن تراش، قینچی
- [ ] Pocket tissues, unscented wet wipes
  ٹشو پیپر، گیلے ٹشوز (بغیر خوشبو)
- [ ] Deodorant (non-perfumed)
  ڈیوڈرنٹ (بغیر خوشبو)
- [ ] Vaseline, lotion
  ویسلین، لوشن
- [ ] Hand sanitizer
  ہینڈ سینیٹائزر
- [ ] Safety pins
  سیفٹی پن

MEDICINES — ادویات

- [ ] Regular medication
  باقاعدہ استعمال کی دوائیں
- [ ] Tablets for nausea & vertigo
  متلی اور چکر کی دوائیں
- [ ] Pain relief medication
  درد کی دوا
- [ ] Throat lozenges, anti-allergy
  گلے کی گولیاں، الرجی کی دوا
- [ ] Cold & flu relief
  نزلہ و زکام کی دوا
- [ ] Antibiotic (if prescribed)
  اینٹی بایوٹک (اگر تجویز کی گئی ہو)
- [ ] Band-Aids
  پلاسٹر (بینڈ ایڈ)
- [ ] Anti-bacterial cream
  اینٹی بیکٹیریل کریم

MISCELLANEOUS — دیگر اشیاء

- [ ] Universal adaptor
  یونیورسل اڈاپٹر
- [ ] Alarm clock or phone alarm
  الارم گھڑی یا موبائل فون
- [ ] Earplugs
  کانوں کے پلگ
- [ ] Face mask
  فیس ماسک
- [ ] Small mirror
  چھوٹا آئینہ
- [ ] Snacks, biscuits etc.
  ہلکی پھلکی غذائیں، بسکٹ وغیرہ
- [ ] Zip-lock bags
  زِپ لاک بیگز

Preparation on the Day of Travelling

1. Make your sole purpose the pleasure of Allah, not showing off.
2. Take a bath (ghusl), trim nails, remove unwanted hair (armpits, pubic), comb your hair and apply perfume, all before putting on the Ihrām clothes.
3. Men wear two white, unstitched sheets; women wear their regular modest clothing (no niqab or face covering).
4. Wear sandals that leave the ankle bone exposed (no fully covering shoes).
5. Pray two rakʿahs of ṣalāh (optional but recommended).
6. Make your specific intention (niyyah) for ʿUmrah or Hajj.
7. Begin reciting the Talbiyah. Men recite it aloud so those on their right and left can hear; women recite it softly.

سفر کے دن کی تیاری

١. اپنی نیت خالص اللہ کی رضا کے لیے کریں، نہ کہ دکھاوے یا ریاکاری کے لیے۔
٢. غسل کریں، ناخن تراشیں، بغلوں اور زیرِ ناف بال صاف کریں، بالوں میں کنگھی کریں اور خوشبو لگائیں، لیکن یہ سب احرام پہننے سے پہلے کریں۔
٣. مرد دو سفید، بغیر سِلے ہوئے کپڑے پہنیں؛ عورتیں اپنا باپردہ معمول کا لباس پہنیں (احرام کی حالت میں چہرے کا نقاب نہیں پہنا جا سکتا)۔
٤. ایسی چپل یا جوتے پہنیں جو ٹخنے کی ہڈی کو کھلا رکھیں (پورا پاؤں ڈھانپنے والا جوتا احرام میں درست نہیں)۔
٥. دو رکعت نفل نماز ادا کریں (اختیاری مگر مستحب)۔
٦. عمرہ یا حج کے لیے اپنی مخصوص نیت کریں۔
٧. تلبیہ شروع کریں۔ مرد تلبیہ بلند آواز سے پڑھیں تاکہ دائیں اور بائیں والے سن سکیں، جبکہ عورتیں آہستہ آواز میں پڑھیں تاکہ کوئی غیر محرم نہ سنے۔

لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ

Labbayk Allāhumma labbayk, labbayka lā sharīka laka labbayk, inna l-ḥamda wa n-niʿmata laka wa l-mulk, lā sharīka lak.

At Your service, O Allah, at Your service. At Your service, You have no partner, at Your service. Truly all praise, favour and sovereignty are Yours. You have no partner.

اے اللہ! میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں۔ تیرا کوئی شریک نہیں، میں حاضر ہوں۔ یقیناً سب تعریف، نعمت اور بادشاہت تیرے ہی لیے ہے، تیرا کوئی شریک نہیں۔

Meeqat & Intention for ʿUmrah

1. The Meeqat are designated places which a pilgrim may not cross except in a state of Ihrām.
2. A pilgrim must put on Ihrām at the Meeqat or before reaching it.
3. The niyyah for Ihrām must be made at the Meeqat (or earlier). It is recommended to pray two rakʿahs before making the intention.
4. The state of Ihrām begins after reciting the Talbiyah.
5. Recite the Talbiyah often: when walking, riding, sitting, sleeping, waking, going up or coming down, and after prayers.

میقات اور نیتِ عمرہ

١. میقات وہ مقامات ہیں جنہیں حاجی بغیر احرام کے عبور نہیں کر سکتا۔
٢. حاجی کو میقات پر یا اس سے پہلے احرام باندھ لینا چاہیے۔
٣. نیتِ احرام میقات پر (یا اس سے پہلے) کی جاتی ہے، اور نیت سے پہلے دو رکعت نفل پڑھنا مستحب ہے۔
٤. تلبیہ پڑھتے ہی حالتِ احرام شروع ہو جاتی ہے۔
٥. تلبیہ بکثرت پڑھنا چاہیے: چلتے ہوئے، سواری پر، بیٹھتے، سوتے، جاگتے، چڑھتے، اترتے اور نمازوں کے بعد۔

INTENTION FOR ʿUMRAH نیتِ عمرہ

لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ عُمْرَةً

Labbayk Allāhumma ʿumrah

O Allah, here I am to perform ʿUmrah.

اے اللہ! میں عمرہ کے لیے حاضر ہوں۔

Prohibitions in Ihrām

1. Do not apply perfume, use anything containing fragrance, or eat fragrant raw food.
2. Do not cut nails, cut hair or pluck hair.
3. Do not marry or propose marriage.
4. Do not engage in intimate talk with sexual overtones or have conjugal relations.
5. Do not hurt or kill animals.
6. Do not commit any sin.
7. Do not get involved in arguments or quarrels.
8. Do not rub dirt off the body or do anything that makes hair fall.
9. Men must not wear stitched clothing.
10. Men must not wear footwear that covers the central bone of the foot.
11. Men must not cover the head or face.
12. Women must not cover their faces. In the presence of men they may use a covering that does not touch the face.
13. Do not wipe the face with a towel or cloth.

احرام میں ممنوعات

١ حاجی خوشبو یا خوشبو دار اشیاء استعمال نہیں کرے گا، اور نہ ہی خوشبو دار کچی غذا کھائے گا۔
٢ ناخن نہیں کاٹے گا، نہ بال کاٹے گا اور نہ ہی بال نوچے گا۔
٣ نکاح نہیں کرے گا اور نہ ہی نکاح کا پیغام دے گا۔
٤ ایسی بات چیت نہیں کرے گا جس میں جنسی نوعیت کے اشارے ہوں، اور نہ ہی ازدواجی تعلق قائم کرے گا۔
٥ کسی جانور کو تکلیف نہیں دے گا اور نہ ہی اسے مارے گا۔
٦ کوئی گناہ نہیں کرے گا۔
٧ جھگڑے، بحث یا لڑائی میں نہیں پڑے گا۔
٨ بدن سے میل نہیں اتارے گا اور نہ ہی ایسا عمل کرے گا جس سے بال گریں۔
٩ مرد سلے ہوئے کپڑے نہیں پہنیں گے۔
١٠ مرد ایسے جوتے نہیں پہنیں گے جو پاؤں کی درمیانی ہڈی کو ڈھانپ دیں۔
١١ مرد سر اور چہرہ نہیں ڈھانپیں گے۔
١٢ عورتیں چہرہ نہیں ڈھانپیں گی۔ مردوں کی موجودگی میں ایسا پردہ کر سکتی ہیں جو چہرے کو نہ چھوئے۔
١٣ چہرے کو تولیہ یا کپڑے سے نہیں رگڑے گا۔

Permitted Acts in Ihrām

1. To take a bath without rubbing dirt off the body.
2. To wear a ring, watch, glasses, money belt, hearing aid, etc.
3. To use an umbrella.
4. To use a miswak.
5. To file a broken nail.
6. To apply non-fragrant kohl (kajal).
7. To tie a bandage.
8. To rest the head or cheek on a pillow.
9. To kill a dangerous animal.
10. To change the Ihrām garments.
11. To use a blanket while sleeping (head and face must stay uncovered).
12. To pull out a tooth when necessary.

احرام میں جائز امور

١. غسل کرنا، بشرطیکہ جسم سے میل کچیل نہ رگڑا جائے۔
٢. انگوٹھی، گھڑی، عینک، منی بیلٹ، سماعتی آلہ وغیرہ پہننا۔
٣. چھتری کا استعمال کرنا۔
٤. مسواک کرنا۔
٥. ٹوٹے ہوئے ناخن کو برابر کرنا۔
٦. بغیر خوشبو والا سرمہ یا کاجل لگانا۔
٧. پٹی باندھنا۔
٨. سر یا گال کو تکیے پر رکھنا۔
٩. موذی یا خطرناک جانور کو مار دینا۔
١٠. احرام کے کپڑے تبدیل کرنا۔
١١. سوتے وقت کمبل اوڑھنا، بشرطیکہ سر اور چہرہ نہ ڈھکے۔
١٢. ضرورت کے وقت دانت نکلوانا۔

PART TWO

Performing ʻUmrah

عمرہ کا طریقہ

From the boundary of the Haram to the final step at Marwah, in the order you will perform it.

Upon Entering Makkah

As you reach the limits of the Haram, keep reciting the Talbiyah, do dhikr and send ṣalawāt upon the Prophet ﷺ. Reciting the following duʻā is recommended on entering the Haram.

مکہ میں داخل ہوتے وقت

جب آپ حدودِ حرم میں داخل ہوں تو تلبیہ کا ورد جاری رکھیں، ذکر کریں اور نبی کریم ﷺ پر درود شریف بھیجتے رہیں۔ حرم میں داخل ہوتے وقت درج ذیل دعا پڑھنا مستحب ہے۔

اللَّهُمَّ هَذَا حَرَمُكَ وَأَمْنُكَ فَحَرِّمْنِي عَلَى النَّارِ، وَأَمِّنِّي مِنْ عَذَابِكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ، وَاجْعَلْنِي مِنْ أَوْلِيَائِكَ وَأَهْلِ طَاعَتِكَ

Allāhumma hādhā ḥaramuka wa amnuka fa ḥarrimnī ʻala n-nār, wa amminnī min ʻadhābika yawma tabʻathu ʻibādak, wa jʻalnī min awliyāʼika wa ahli ṭāʻatik.

O Allah, this is Your sanctuary and Your security, so make me unlawful to the Fire, make me safe from Your punishment on the day You resurrect Your servants, and make me one of Your friends and of those who obey You.

اے اللہ! یہ تیرا حرم اور امن والا مقام ہے۔ مجھے آگ پر حرام فرما دے، مجھے اپنے عذاب سے اُس دن محفوظ رکھ جب تو اپنے بندوں کو دوبارہ زندہ کرے گا، اور مجھے اپنے دوستوں اور فرمانبردار بندوں میں شامل فرما۔

Entering Masjid al-Ḥaram

1. Enter the masjid with your right foot and recite the duʿā below.
2. Any duʿā may be made while looking at Baitullāh.

مسجد میں داخل ہوتے وقت کی دعا

١ مسجد میں دائیں پاؤں سے داخل ہوں اور درج ذیل دعا پڑھیں۔
٢ بیت اللہ کو دیکھتے وقت کوئی بھی دعا کی جا سکتی ہے۔

بِسْمِ اللهِ، وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللهِ، اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي وَافْتَحْ لِي أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

In the name of Allah, and peace and blessings be upon the Messenger of Allah. O Allah, forgive my sins and open for me the doors of Your mercy.


اللہ کے نام سے، اور درود و سلام ہو اللہ کے رسول ﷺ پر۔ اے اللہ! میرے گناہ معاف فرما اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

Sunan Ibn Mājah: 771 سنن ابن ماجہ: 771

ʿUMRAH AT A GLANCE عمرہ ایک نظر میں


1. **Ihrām & niyyah** — at the Meeqat — میقات پر احرام اور نیت
2. **Ṭawāf** — seven circuits — طواف · سات چکر
3. **Two rakʿahs** — at Maqām Ibrāhīm — مقامِ ابراہیم پر دو رکعت
4. **Zamzam** — drink and make duʿā — آبِ زمزم
5. **Saʿī** — seven rounds, Ṣafā to Marwah — سعی · سات چکر
6. **Shave or trim** — the hair of the head — سر کے بال منڈوانا یا کتروانا

The Kaʿbah at a Glance



Know these points before you begin ṭawāf: al-Ḥajar al-Aswad (Black Stone) is where every circuit starts and ends, and al-Rukn al-Yamānī is the corner before it.

خانۂ کعبہ کا تعارفی نقشہ



طواف شروع کرنے سے پہلے یہ مقامات پہچان لیں: ہر چکر حجرِ اسود سے شروع ہو کر وہیں ختم ہوتا ہے، اور رکنِ یمانی اس سے پہلے والا کونا ہے۔

Ṭawāf

1. Stop reciting the Talbiyah before starting ṭawāf.
2. Wuḍū' is a condition for ṭawāf. If it breaks during ṭawāf, it must be performed again.
3. Men pass one end of the Ihrām sheet under the right arm and over the left shoulder, leaving the right shoulder bare. [Sunan Abī Dāwūd: 1884]
4. In the first three circuits of the ṭawāf of ʿUmrah, men do raml (walk briskly with shoulders straightened); in the remaining four they walk normally. [Sunan al-Tirmidhī: 856]

طواف

١. طواف شروع کرنے سے پہلے تلبیہ پڑھنا بند کر دیں۔

٢. وضو طواف کی بنیادی شرط ہے۔ اگر طواف کے دوران وضو ٹوٹ جائے تو دوبارہ وضو کرنا لازم ہے۔

٣. مرد حضرات احرام کا ایک سرا دائیں بازو کے نیچے سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈالیں اور دایاں کندھا کھلا رکھیں۔ (سنن ابی داؤد: 1884)

٤. عمرہ کے طواف کے پہلے تین چکروں میں مرد حضرات رمل کریں، یعنی سینہ تان کر تیز چال سے چلیں، اور باقی چار چکروں میں معمول کے مطابق چلیں۔ (سنن ترمذی: 856)

Ṭawāf

5. Perform istilām of al-Ḥajar al-Aswad (touch it). If unable, stand parallel to it, point towards it with your hand and say بِسْمِ اللهِ وَاللهُ أَكْبَرُ Bismillāhi wallāhu Akbar.
   [al-Sunan al-Ṣaghīr, al-Bayhaqī: 1615]
6. At the start of each remaining circuit, say Allāhu Akbar only. [Ṣaḥīḥ al-Bukhārī: 1632]
7. Keep Baitullāh on your left. One ṭawāf is seven circuits, each starting and ending at al-Ḥajar al-Aswad. Walk all seven outside the Ḥaṭīm (Ḥijr Ismāʿīl).
8. Recite Qur'an, tasbīḥ, tahlīl, duʿās and other adhkār. No specific duʿā is fixed for each circuit in the Sunnah.
9. Speak only when necessary, and only good words. [Sunan al-Tirmidhī: 960] Walk at a steady pace; do not rush or push others.
10. If the time for ṣalāh begins during ṭawāf, pray first, then resume and complete the remaining circuits.
11. When passing al-Rukn al-Yamānī, touch it only, do not kiss it. If you cannot touch it, walk on without any gesture. [Ṣaḥīḥ Muslim: 3061]
12. Between al-Rukn al-Yamānī and al-Ḥajar al-Aswad it is Sunnah to recite the duʿā below.
13. After ṭawāf, men cover both shoulders again. [Ṣaḥīḥ al-Bukhārī: 359]

طواف

۵ حجرِ اسود کا استلام کریں (یعنی چھوئیں)، اور اگر ممکن نہ ہو تو اس کی سیدھ میں کھڑے ہو کر ہاتھ سے اشارہ کریں اور کہیں: بِسْمِ اللهِ وَاللهُ أَكْبَرُ (السنن الصغیر للبیہقی: 1615)

٦ طواف کے باقی چکروں کے آغاز میں صرف اللهُ أَكْبَرُ کہیں۔ (صحیح بخاری: 1632)

۷ طواف کے دوران بیت اللہ کو اپنے بائیں جانب رکھیں۔ ایک طواف سات چکروں پر مشتمل ہوتا ہے اور ہر چکر حجرِ اسود سے شروع ہو کر وہیں ختم ہوتا ہے۔ تمام چکر حطیم (حجرِ اسماعیل) کے باہر سے لگائیں۔

۸ طواف کے دوران قرآن کی تلاوت، تسبیح، تہلیل، دعائیں اور دیگر اذکار پڑھیں۔ ہر چکر کے لیے کوئی مخصوص دعا سنت سے ثابت نہیں۔

۹ غیر ضروری گفتگو سے پرہیز کریں، صرف اچھی بات کریں۔ (سنن ترمذی: 960) مناسب رفتار سے چلیں، کسی کو دھکا دینے یا جلدی کرنے سے بچیں۔

۱۰ اگر طواف کے دوران نماز کا وقت ہو جائے تو پہلے نماز ادا کریں، پھر باقی چکر مکمل کریں۔

۱۱ رکنِ یمانی کے پاس سے گزرتے ہوئے صرف اسے چھوئیں، بوسہ نہ دیں۔ اگر چھونا ممکن نہ ہو تو بغیر کسی اشارے کے آگے بڑھ جائیں۔ (صحیح مسلم: 3061)

۱۲ رکنِ یمانی اور حجرِ اسود کے درمیان درج ذیل دعا پڑھنا سنت ہے۔

۱۳ طواف مکمل کرنے کے بعد مرد حضرات دونوں کندھے ڈھانپ لیں۔ (صحیح بخاری: 359)

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

Rabbanā ātinā fi d-dunyā ḥasanah, wa fi l-ākhirati ḥasanah, wa qinā ʿadhāba n-nār

Our Lord, grant us good in this world and good in the Hereafter, and protect us from the punishment of the Fire.

اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما، اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

Al-Baqarah 2:201 سورۃ البقرۃ: 201

Ṣalāh at Maqām Ibrāhīm

1. After the final circuit, go towards Maqām Ibrāhīm so that, as far as convenient, it is between you and the Kaʿbah.
2. On reaching it, recite aloud the verse below.
3. Then offer two rakʿahs. If it is too crowded near the Maqām, pray anywhere in Masjid al-Ḥarām.
4. In the first rakʿah recite Sūrah al-Kāfirūn, and in the second Sūrah al-Ikhlāṣ.
   [Ṣaḥīḥ Muslim: 2950]
5. If the ṭawāf was interrupted for a valid Sharʿī reason, resume and complete it from where you stopped.

مقامِ ابراہیم پر نماز

١ طواف کے آخری چکر کے بعد مقامِ ابراہیم کی طرف اس طرح بڑھیں کہ حتی الامکان مقامِ ابراہیم آپ کے اور بیت اللہ کے درمیان ہو۔

٢ وہاں پہنچ کر بلند آواز سے درج ذیل آیت پڑھیں۔

٣ اس کے بعد دو رکعت نماز ادا کریں۔ اگر رش کی وجہ سے مقامِ ابراہیم کے قریب ممکن نہ ہو تو مسجد الحرام میں کسی بھی جگہ پڑھ لیں۔

٤ پہلی رکعت میں سورۃ الکافرون اور دوسری میں سورۃ الاخلاص پڑھیں۔ (صحیح مسلم: 2950)

٥ اگر کسی شرعی عذر کی وجہ سے طواف رک گیا ہو تو جہاں سے رکا تھا، وہیں سے مکمل کریں۔

وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى

And take the standing place of Ibrāhīm as a place of prayer.

اور مقامِ ابراہیم کو نماز کی جگہ بنا لو۔

Al-Baqarah 2:125 سورۃ البقرۃ: 125

Āb-e-Zamzam

1. After ṭawāf, drink Zamzam standing, facing the Qiblah, and say Bismillāh.
2. Pour some Zamzam over your head as well. [Musnad Aḥmad: 3/394]
3. The Prophet ﷺ said: مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ "Zamzam water is for whatever purpose it is drunk." [Sunan Ibn Mājah: 3062]
4. Ibn ʿAbbās (may Allah be pleased with him) would recite the duʿā below while drinking Zamzam.
5. After drinking, say Al-ḥamdu lillāh. [Sunan Ibn Mājah: 3061]
6. Then return to al-Ḥajar al-Aswad if possible: kiss it, or touch it with your hand, or point towards it.
7. Then, if possible, cling to the Multazam and make as much duʿā as you wish. [al-Sunan al-Kubrā, al-Bayhaqī: 5/164] The Multazam is the place between the door of the Kaʿbah and al-Ḥajar al-Aswad.

آبِ زمزم

١. طواف کے بعد آبِ زمزم کھڑے ہو کر، قبلہ رُخ ہو کر اور بسم اللہ پڑھ کر پئیں۔
٢. کچھ آبِ زمزم سر پر بھی بہا لیں۔ (مسند احمد: 3/394)
٣. نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مَاءُ زَمْزَمَ لِمَا شُرِبَ لَهُ (آبِ زمزم جس نیت سے پیا جائے، اسی کے لیے ہے)۔ (سنن ابن ماجہ: 3062)
٤. حضرت ابنِ عباسؓ آبِ زمزم پیتے وقت درج ذیل دعا پڑھا کرتے تھے۔
٥. پینے کے بعد الحمدُ للہ کہیں۔ (سنن ابن ماجہ: 3061)
٦. پھر ممکن ہو تو حجرِ اسود کی طرف آئیں: بوسہ دیں، ورنہ ہاتھ سے چھوئیں یا اشارہ کریں۔
٧. اس کے بعد ممکن ہو تو ملتزم سے چمٹ کر جتنی چاہیں دعائیں مانگیں۔ (السنن الکبریٰ للبیہقی: 5/164) ملتزم کعبہ کے دروازے اور حجرِ اسود کے درمیان کی جگہ ہے۔

اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا، وَرِزْقًا وَاسِعًا، وَشِفَاءً مِنْ كُلِّ دَاءٍ

Allāhumma innī as'aluka ʿilman nāfiʿā, wa rizqan wāsiʿā, wa shifā'an min kulli dā'

O Allah, I ask You for beneficial knowledge, abundant provision, and a cure from every disease.

اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والا علم، فراخ رزق اور ہر بیماری سے شفا کا سوال کرتا ہوں۔

al-Mustadrak, al-Ḥākim: 1/473 المستدرک للحاکم: 1/473

Sa'ī between Ṣafā and Marwah

1. Ṣafā and Marwah are two hills. Walking seven rounds between them is called Sa'ī. It is a pillar (rukn) of Hajj and 'Umrah; without it neither is complete.
2. Before going to Ṣafā, performing istilām of al-Ḥajar al-Aswad is also Sunnah.
3. While going from Bāb al-Ṣafā towards Ṣafā, recite: إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَائِرِ اللَّهِ "Indeed, Ṣafā and Marwah are among the symbols of Allah." (Al-Baqarah 2:158) Then say: أَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللَّهُ بِهِ "I begin with that with which Allah began."
   [Ṣaḥīḥ Muslim: 2950]
4. On Ṣafā, climb a few steps, face the Qiblah, raise your hands, say Allāhu Akbar three times, then recite the du'ā below three times, and make your own du'ās.

سعی

١ صفا اور مروہ دو پہاڑیاں ہیں۔ ان کے درمیان سات چکر لگانے کو سعی کہا جاتا ہے۔ سعی حج اور عمرہ کا رکن ہے، اس کے بغیر عمرہ اور حج ادا نہیں ہوتے۔

٢ صفا جانے سے پہلے حجرِ اسود کا استلام کرنا بھی مسنون ہے۔

٣ بابِ صفا سے صفا کی طرف جاتے ہوئے یہ آیت پڑھیں: إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَائِرِ اللَّهِ (بے شک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں) (البقرۃ: 158)۔ پھر کہیں: أَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللَّهُ بِهِ (میں وہیں سے آغاز کرتا ہوں جہاں سے اللہ نے آغاز کیا)۔ (صحیح مسلم: 2950)

٤ صفا پر چند قدم چڑھیں، قبلہ رُخ ہو کر دعا کے لیے ہاتھ اٹھائیں، تین مرتبہ اللہُ أَكْبَر کہیں اور تین مرتبہ درج ذیل دعا پڑھیں، پھر اپنے لیے دعائیں کریں۔

ON ṢAFĀ AND MARWAH, THREE TIMES صفا اور مروہ پر تین مرتبہ

لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ، أَنْجَزَ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ

None has the right to be worshipped except Allah, alone, without partner. To Him belong all sovereignty and praise, and He is over all things competent. None has the right to be worshipped except Allah alone. He fulfilled His promise, aided His servant and single-handedly defeated the confederates.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس نے اپنا وعدہ پورا کیا، اپنے بندے کی مدد فرمائی اور اکیلے ہی تمام لشکروں کو شکست دی۔

Ṣaḥīḥ Muslim: 2950 صحیح مسلم: 2950

Sa'ī between Ṣafā and Marwah

5. Then descend and walk towards Marwah. Between the two green lights men walk briskly; the sick and elderly walk slowly. Women do not walk briskly between the green lights.
6. During Sa'ī recite: رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ "My Lord, forgive and have mercy; You are the Most Mighty, the Most Generous." [Muṣannaf Ibn Abī Shaybah: 2/1556] Any other prescribed du'ā and dhikr may also be made.
7. On reaching Marwah, stop and repeat what you did at Ṣafā.
8. Ṣafā to Marwah is one round and Marwah to Ṣafā is another. Complete seven; the seventh ends at Marwah.
9. Since the expansion of Masjid al-Ḥarām, Ṣafā and Marwah are part of the mosque, so women in menstruation or post-natal bleeding cannot perform Sa'ī.
10. After Sa'ī, men shave or trim the head; shaving is more virtuous.
11. Women cut hair equal to one or two finger joints, taking special care of purdah while doing so.
12. Alḥamdulillāh, your 'Umrah is complete and the restrictions of Ihrām have ended.

سعی

۵ پھر صفا سے اتر کر مروہ کی طرف جائیں۔ دو سبز نشانیوں کے درمیان مرد حضرات تیز چلیں (بوڑھے اور بیمار آہستہ چلیں)۔ خواتین سبز نشانیوں کے درمیان تیز نہ چلیں۔

٦ دورانِ سعی یہ دعا پڑھیں: رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ (مصنف ابن ابی شیبہ: 2/1556)۔ اس کے علاوہ کوئی بھی مسنون دعا اور ذکر کر سکتے ہیں۔

۷ مروہ پہنچ کر رکیں اور وہی عمل دہرائیں جو صفا پر کیا تھا۔


۸ صفا سے مروہ ایک چکر اور مروہ سے صفا ایک چکر شمار کر کے سات چکر پورے کریں۔ ساتواں چکر مروہ پر ختم ہوگا۔

۹ مسجدِ حرام کی توسیع کی وجہ سے صفا اور مروہ مسجد کا حصہ بن گئے ہیں، لہٰذا حیض و نفاس والی خواتین سعی نہیں کر سکتیں۔

۱۰ سعی کے بعد مرد سر کے بال منڈوائیں یا کتروائیں؛ منڈوانا افضل ہے۔

۱۱ خواتین ایک یا دو پور کے برابر بال کاٹیں، اور بال کاٹتے وقت پردے کا خاص خیال رکھیں۔

۱۲ الحمدللہ، آپ کا عمرہ مکمل ہو گیا اور احرام کی پابندیاں ختم ہو گئیں۔



PART THREE

Hajj Day by Day


حج کا تفصیلی طریقہ

8TH TO 13TH DHUL-HIJJAH · 8 سے 13 ذوالحجہ

The five days of Hajj, from Mina to Arafat and back, with what to do on each day.

8	9	9–10	10	11–13
Mina منیٰ	**ʿArafāt** عرفات	**Muzdalifah** مزدلفہ	**Mina · Makkah** منیٰ · مکہ	**Mina** منیٰ
Ihrām · Ẓuhr to Fajr	Wuqūf until sunset	Night · Maghrib & ʿIshāʾ	Rami · Qurbānī · Ṭawāf	Rami of three Jamarāt

THE ROUTE OF HAJJ حج کا راستہ



1. **8th** Makkah to Mina
2. **9th** Mina to ʿArafāt
3. **9th, after sunset** ʿArafāt to Muzdalifah
4. **10th, before sunrise** Muzdalifah to Mina
5. **10th** to Makkah for Ṭawāf al-Ziyārah, then back to Mina
6. **11th to 13th** in Mina; before going home, Ṭawāf al-Wadāʿ in Makkah

8 ذوالحجہ: مکہ سے منیٰ
9 ذوالحجہ: منیٰ سے عرفات
غروبِ آفتاب کے بعد: عرفات سے مزدلفہ
10 ذوالحجہ، طلوعِ آفتاب سے پہلے: مزدلفہ سے منیٰ
10 ذوالحجہ: طوافِ زیارت کے لیے مکہ، پھر واپس منیٰ
11 تا 13 ذوالحجہ: منیٰ میں قیام؛ وطن واپسی سے پہلے مکہ میں طوافِ وداع

8 8th Dhul-Hijjah · Mina

1. At your place of residence, take a bath, apply fragrance and put on the Ihrām.
2. Make the intention for Hajj: لَبَّيْكَ حَجًّا Labbayka ḥajjā.
3. Then recite the duʿā below.
4. Before the sun passes its zenith, proceed to Mina and offer Ẓuhr there on arrival.
5. Men recite the Talbiyah aloud; women recite it softly.
6. In Mina, following the Imam, offer Ẓuhr, ʿAṣr and ʿIshāʾ shortened (qaṣr) without combining them, and offer the other prayers in full.

8 ذوالحجہ · منیٰ

١ اپنی رہائش گاہ پر غسل کریں، خوشبو لگائیں اور احرام باندھیں۔
٢ ان الفاظ میں حج کی نیت کریں: لَبَّيْكَ حَجًّا
٣ پھر درج ذیل مسنون دعا پڑھیں۔
٤ زوالِ آفتاب سے پہلے منیٰ روانہ ہوں اور ظہر کی نماز منیٰ پہنچ کر ادا کریں۔
٥ مرد حضرات بلند آواز سے اور خواتین آہستہ آواز میں تلبیہ پڑھیں۔
٦ منیٰ میں امام کی اقتداء میں ظہر، عصر اور عشاء کی نمازیں جمع کیے بغیر قصر ادا کریں اور باقی نمازیں پوری ادا کریں۔

اللَّهُمَّ حَجَّةً لَا رِيَاءَ فِيهَا وَلَا سُمْعَةَ

Allāhumma ḥajjatan lā riyāʾa fīhā wa lā sumʿah

O Allah, (I intend) a Hajj with no showing off and no seeking of fame in it.

اے اللہ! یہ حج ہے جس میں نہ دکھاوا ہے اور نہ شہرت کی طلب۔

Sunan Ibn Mājah: 2890 سنن ابن ماجہ: 2890

9 9th Dhul-Hijjah · The Day of ʿArafah

1. After sunrise, proceed to ʿArafāt reciting the Takbīr and Talbiyah.
2. Stay wherever you find space in ʿArafāt; staying near the large rocks at the foot of Jabal al-Raḥmah is better if it is easily possible.
3. After the sun declines, listen to the sermon of the Imam of Hajj at Masjid Namirah and, following him, offer Ẓuhr and ʿAṣr combined and shortened. Offer no Sunnah or nafl prayers between, before or after them.
4. From the sun's decline until sunset, make abundant duʿā. This is the Wuqūf of ʿArafah. Raise both hands to the chest and supplicate with full humility and devotion.
5. Make sure you observe the Wuqūf of ʿArafah; without it there is no Hajj.
6. Pilgrims should not fast on the Day of ʿArafah.
7. The best duʿā of this day, made by the Prophet ﷺ and the Prophets before him, is given below. [Jāmiʿ al-Tirmidhī: 3585]
8. This day is precious; do not waste it in idle talk. The Prophet ﷺ said: "There is no day on which Allah frees more people from the Fire than the Day of ʿArafah. He draws near and boasts of them to the angels, saying: What do these people want?" [Ṣaḥīḥ Muslim: 1348]

۹ ذوالحجہ: یومِ عرفہ

۱ سورج نکلنے کے بعد تکبیر اور تلبیہ پڑھتے ہوئے عرفات روانہ ہوں۔

۲ میدانِ عرفات میں جہاں جگہ ملے ٹھہر جائیں، تاہم آسانی سے ممکن ہو تو جبلِ رحمت کے دامن میں بڑے پتھروں کے پاس ٹھہرنا افضل ہے۔

۳ سورج ڈھلنے کے بعد مسجدِ نمرہ میں امامِ حج کا خطبہ سنیں اور ان کی اقتداء میں ظہر اور عصر جمع اور قصر کر کے ادا کریں۔ دونوں نمازوں کے درمیان، پہلے یا بعد میں کوئی سنت یا نفل نہ پڑھیں۔

٤ زوال سے مغرب تک خوب دعائیں کریں۔ یہی وقوفِ عرفہ ہے۔ دعا کا مسنون طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھ سینے تک اٹھائیں اور نہایت خشوع و خضوع سے دعا مانگیں۔

٥ وقوفِ عرفہ حج کا اہم ترین رکن ہے۔ اگر یہ ادا نہ ہو تو حج نہیں ہوتا۔

٦ حجاج کرام عرفہ کے دن روزہ نہ رکھیں۔

۷ عرفہ کے دن کی بہترین دعا، جو امام الانبیاء ﷺ اور دیگر انبیاءؑ نے مانگی، درج ذیل ہے۔ (جامع الترمذی: 3585)

۸ یہ دن بہت قیمتی ہے، اسے فضول گفتگو میں ضائع نہ کریں۔ فرمانِ نبوی ﷺ ہے: "عرفہ کے دن سے بڑھ کر کوئی دن ایسا نہیں جس میں اللہ تعالیٰ اتنی کثرت سے بندوں کو جہنم سے آزاد کرتا ہو۔ وہ قریب ہوتا ہے اور فرشتوں کے سامنے ان پر فخر کرتے ہوئے فرماتا ہے: یہ لوگ کیا چاہتے ہیں؟" (صحیح مسلم: 1348)

THE BEST DUʿĀ OF ʿARAFAH — عرفہ کی بہترین دعا

لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

Lā ilāha illallāhu waḥdahū lā sharīka lah, lahu l-mulku wa lahu l-ḥamdu wa huwa ʿalā kulli shay'in qadīr

There is no deity but Allah, alone, with no partner. To Him belongs the dominion and all praise, and He is over all things competent.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

Jāmiʿ al-Tirmidhī: 3585 — جامع الترمذی: 3585

9-10 Night of the 10th · Muzdalifah

1. After sunset on the 9th, leave ʿArafāt for Muzdalifah calmly and with dignity, reciting the Talbiyah.
2. On reaching Muzdalifah, offer Maghrib and ʿIshāʾ together with one adhān and two iqāmahs (ʿIshāʾ shortened to two rakʿahs).
3. Spend the night in Muzdalifah. The weak, the elderly and the women with them may leave for Mina in the latter part of the night.
4. Pebbles for the stoning may be picked up in Muzdalifah or anywhere else. [Ṣaḥīḥ Muslim: 1218]

10 ذوالحجہ کی رات · مزدلفہ

١ 9 ذوالحجہ کو غروبِ آفتاب کے بعد سکون و وقار کے ساتھ تلبیہ پڑھتے ہوئے عرفات سے مزدلفہ روانہ ہوں۔
٢ مزدلفہ پہنچ کر ایک اذان اور دو اقامتوں کے ساتھ مغرب اور عشاء جمع کر کے ادا کریں (عشاء کی دو رکعتیں قصر)۔
٣ رات مزدلفہ میں گزاریں۔ کمزور، بوڑھے اور ان کے ساتھ خواتین رات کے آخری حصے میں منیٰ روانہ ہو سکتے ہیں۔
٤ رمی کے لیے کنکریاں مزدلفہ سے یا کسی بھی جگہ سے چنی جا سکتی ہیں۔ (صحیح مسلم: 1218)

10 10th Dhul-Hijjah · The Day of Sacrifice

1. In Muzdalifah, offer Fajr in congregation a little earlier than usual. Then stand near al-Mashʿar al-Ḥarām (a hill in Muzdalifah), face the Qiblah, recite the tahlīl لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ, the takbīr and words of Allah's Oneness, and make abundant duʿā.
2. When the dawn has become clearly bright, leave for Mina before sunrise, reciting the Talbiyah.
3. Stop the Talbiyah before stoning. At Jamrat al-ʿAqabah throw seven pebbles one by one, saying اللَّهُ أَكْبَرُ Allāhu Akbar with each. The pebbles should be a little bigger than a chickpea, about the size of a bean.
4. Stoning may be done any time from sunrise to sunset, but the forenoon (chāsht) is better.
5. Offer the sacrifice (Qurbānī); it is required for those performing Hajj Tamattuʿ or Qirān.
6. Men shave or trim the head (shaving is better); women cut hair equal to a fingertip. After this, all Ihrām restrictions end except marital relations.
7. Go to Makkah for Ṭawāf al-Ziyārah (Ṭawāf al-Ifāḍah), a pillar of Hajj, followed by Saʿī. Those doing Qirān or Ifrād who already did Saʿī after Ṭawāf al-Qudūm do not repeat it. After this, all restrictions of Ihrām end.
8. If these acts are done in a different order, there is no harm. [Ṣaḥīḥ Muslim: 1306]

10 ذوالحجہ · قربانی کا دن

١ مزدلفہ میں نمازِ فجر معمول سے کچھ جلدی باجماعت ادا کریں، پھر مشعرِ حرام (مزدلفہ کی ایک پہاڑی) کے قریب قبلہ رُخ ہو کر تہلیل لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، تکبیر اور اللہ کی وحدانیت کے کلمات پڑھیں اور خوب دعائیں کریں۔
٢ صبح کی سفیدی خوب واضح ہونے کے بعد سورج نکلنے سے پہلے تلبیہ کہتے ہوئے منیٰ روانہ ہو جائیں۔
٣ کنکریاں مارنے سے پہلے تلبیہ بند کر دیں۔ جمرۂ عقبہ کو اللَّهُ أَكْبَرُ کہتے ہوئے الگ الگ سات کنکریاں ماریں۔ کنکریاں چنے کے دانے سے کچھ بڑی، یعنی لوبیا کے دانے کے برابر ہوں۔
٤ طلوعِ آفتاب سے غروبِ آفتاب تک کسی بھی وقت کنکریاں ماری جا سکتی ہیں، مگر چاشت کا وقت افضل ہے۔
٥ قربانی کریں۔ حجِ تمتع اور حجِ قران کرنے والوں پر قربانی واجب ہے۔
٦ مرد سر منڈوائیں یا بال کتروائیں (منڈوانا افضل ہے)، خواتین انگلی کے پور کے برابر بال کاٹیں۔ اس کے بعد میاں بیوی کے تعلق کے سوا احرام کی تمام پابندیاں ختم ہو جاتی ہیں۔
٧ مکہ جا کر طوافِ زیارت (طوافِ افاضہ) کریں جو حج کا رکن ہے، پھر سعی کریں۔ حجِ قران یا افراد والے جنہوں نے طوافِ قدوم کے بعد سعی کر لی ہو، دوبارہ سعی نہ کریں۔ اس کے بعد احرام کی تمام پابندیاں ختم ہو جاتی ہیں۔
٨ اگر ان کاموں کی ترتیب آگے پیچھے ہو جائے تو کوئی حرج نہیں۔ (صحیح مسلم: 1306)

11–13 11th to 13th Dhul-Hijjah · Days of Tashrīq

1. After Ṭawāf al-Ziyārah, return to Mina. Spending the nights of these three days in Mina is Sunnah, and spending two nights there is obligatory (wājib).
2. Each day after the sun passes its zenith, stone the small, middle and large Jamarāt in order, saying Allāhu Akbar with each pebble. After each of the first two, move a little ahead, face the Qiblah and make duʿā with full humility. After the third (large) Jamrah, do not stop or make duʿā.
3. Remember Allah abundantly in these days. The Prophet ﷺ said: "The Days of Tashrīq are days of eating, drinking and remembering Allah." [Ṣaḥīḥ Muslim: 1141]
4. If possible, go to the House of Allah for ṭawāf.
5. Those leaving on the 12th must stone the Jamarāt and leave the boundaries of Mina before sunset. If the sun sets while you are still in Mina, you must spend the night of the 13th there and stone the Jamarāt the next day.

11، 12، 13 ذوالحجہ · ایامِ تشریق

١ طوافِ زیارت کے بعد منیٰ واپس آجائیں۔ ان تینوں دنوں (ایامِ تشریق) کی راتیں منیٰ میں گزارنا سنت اور دو راتیں گزارنا واجب ہے۔


٢ ہر روز زوالِ آفتاب کے بعد چھوٹے، درمیانے اور بڑے جمرے کو ترتیب وار ہر کنکری پر اللہُ اَکبَر کہہ کر کنکریاں ماریں۔ پہلے دو جمروں کے بعد ذرا آگے بڑھ کر قبلہ رُخ ہو کر نہایت خشوع و خضوع سے دعا مانگیں، اور تیسرے (بڑے) جمرے کے بعد نہ رکیں نہ دعا کریں۔

٣ ان دنوں میں اللہ کا بہت زیادہ ذکر کریں۔ فرمانِ نبوی ﷺ ہے: "ایامِ تشریق کھانے پینے اور اللہ کا ذکر کرنے کے دن ہیں۔" (صحیح مسلم: 1141)

٤ اگر ممکن ہو تو طواف کے لیے خانۂ کعبہ جائیں۔

٥ جو لوگ 12 ذوالحجہ کو واپس جانا چاہیں، وہ کنکریاں مارنے کے بعد سورج غروب ہونے سے پہلے منیٰ کی حدود سے نکل جائیں۔ اگر منیٰ ہی میں سورج غروب ہو گیا تو 13 کی رات منیٰ میں گزارنا اور اگلے دن کنکریاں مارنا ضروری ہوگا۔

11TH TO 13TH DHUL-HIJJAH · STONING THE JAMARĀT IN ORDER



11–13 11th to 13th Dhul-Hijjah · Days of Tashrīq

6. On the 13th, stone the Jamarāt after the sun declines, then leave Mina.
7. Before returning home, perform Ṭawāf al-Widāʿ (the farewell ṭawāf). It is obligatory (wājib).
8. A woman who has done Ṭawāf al-Ziyārah but cannot do Ṭawāf al-Widāʿ because of menstruation or post-natal bleeding incurs no sin. The same applies to a man prevented by illness or a valid Sharʿī excuse.
9. One who leaves out Ṭawāf al-Widāʿ without a valid excuse must offer a sacrifice (dam) as expiation.
10. When leaving Masjid al-Ḥarām, step out with the left foot first and recite the duʿā below.

11، 12، 13 ذوالحجہ · ایامِ تشریق

٦ 13 ذوالحجہ کو سورج ڈھلنے کے بعد کنکریاں مار کر منیٰ سے روانہ ہوں۔
٧ وطن واپسی سے پہلے طوافِ وداع (آخری طواف) کریں۔ یہ طواف واجب ہے۔
٨ جس عورت نے طوافِ زیارت کر لیا ہو اور حیض و نفاس کی وجہ سے طوافِ وداع نہ کر سکے تو اس پر کوئی گناہ نہیں۔ یہی حکم اس مرد کا ہے جو بیماری یا کسی شرعی عذر کی وجہ سے نہ کر سکے۔
٩ شرعی عذر کے بغیر طوافِ وداع چھوڑنے والے پر دم (کفارہ) لازم ہے۔
١٠ مسجدِ حرام سے نکلتے وقت پہلے بایاں پاؤں باہر نکالیں اور درج ذیل دعا پڑھیں۔

ON LEAVING THE MASJID مسجد سے نکلتے وقت

بِسْمِ اللهِ وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَى رَسُولِ اللهِ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ، اللَّهُمَّ اعْصِمْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

In the name of Allah, and blessings and peace be upon the Messenger of Allah. O Allah, I ask You of Your bounty. O Allah, protect me from the accursed Satan.

اللہ کے نام سے، اور درود و سلام ہو رسول اللہ ﷺ پر۔ اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! مجھے شیطان مردود سے بچا لے۔

Sunan Abī Dāwūd: 465; Sunan Ibn Mājah: 771–773; Jāmiʿ al-Tirmidhī: 314 سنن ابی داؤد: 465، سنن ابن ماجہ: 771-773، جامع الترمذی: 314

PART FOUR

Madinah & Ziyārah

مدینہ منورہ اور زیارات

The Prophet's ﷺ masjid, the blessed grave, and the places worth visiting with the right intention.

Virtues and Etiquettes of Masjid an-Nabawi

1. Masjid an-Nabawi is one of the three masjids that may be travelled to for reward. This visit is not part of Hajj or ʿUmrah.
2. One prayer in Masjid an-Nabawi is better than a thousand prayers in other masjids, except Masjid al-Ḥarām. [Ṣaḥīḥ al-Bukhārī: 1190]
3. The area between the Prophet's ﷺ house and his minbar, the Rawḍah, "is one of the gardens of Paradise." [Ṣaḥīḥ al-Bukhārī: 1195]
4. Look for a chance to offer nafl prayers there without pushing or harming others.
5. On entering Masjid an-Nabawi, recite the same duʿā as when entering Masjid al-Ḥarām, then offer two rakʿahs of Taḥiyyat al-Masjid.

مسجدِ نبوی کی فضیلت و آداب

١ مسجدِ نبوی ان تین مساجد میں سے ایک ہے جن کی طرف اجر و ثواب کی نیت سے سفر کیا جا سکتا ہے، تاہم یہ زیارت حج و عمرہ کا حصہ نہیں ہے۔

٢ مسجدِ نبوی میں ایک نماز، مسجدِ حرام کے سوا دیگر مساجد کی ایک ہزار نمازوں سے افضل ہے۔ (صحیح البخاری: 1190)

٣ نبی ﷺ کے حجرہ مبارک اور منبر کے درمیان کی جگہ (روضۃ من ریاض الجنۃ) "جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔" (صحیح البخاری: 1195)

٤ یہاں دھکم پیل اور دوسروں کو تکلیف دیے بغیر نفل ادا کرنے کا موقع ملے تو ضرور فائدہ اٹھائیں۔

٥ مسجدِ نبوی میں داخل ہوتے وقت وہی دعا پڑھیں جو مسجدِ حرام میں داخل ہوتے وقت پڑھی تھی، پھر دو رکعت تحیۃ المسجد ادا کریں۔

Visiting the Blessed Grave

1. With utmost respect and silence, and without pushing, face the blessed chamber and send salām upon the Prophet ﷺ.
2. Along with this, recite Durūd Ibrāhīm.
3. Then send salām upon Sayyidunā Abū Bakr al-Ṣiddīq and Sayyidunā ʿUmar al-Fārūq (may Allah be pleased with them).

زیارتِ قبرِ مبارک

۱ نہایت ادب اور خاموشی کے ساتھ، دھکم پیل کیے بغیر حجرہ مبارک کی طرف رخ کر کے نبی کریم ﷺ پر سلام بھیجیں۔

۲ اس کے ساتھ درودِ ابراہیمی پڑھیں۔

۳ پھر سیدنا ابوبکر صدیقؓ اور سیدنا عمر فاروقؓ پر بھی سلام بھیجیں۔

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ

Peace be upon you, O Messenger of Allah.

اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ پر سلام ہو۔

al-Sunan al-Kubrā, al-Bayhaqī: 10271 السنن الکبریٰ للبیہقی: 10271

السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا أَبَا بَكْرٍ
السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عُمَرُ

Peace be upon you, O Abū Bakr. Peace be upon you, O ʿUmar.

اے ابوبکرؓ! آپ پر سلام ہو۔ اے عمرؓ! آپ پر سلام ہو۔

al-Sunan al-Kubrā, al-Bayhaqī: 10272 السنن الکبریٰ للبیہقی: 10272

Visiting Sacred Places

Makkah and Madinah hold a special place in Islamic history, and many places there carry special honour. Most of the sacred places of Makkah are part of the rites of Hajj. Some others have no Sharʿī status but do have historical significance, so visiting them out of love and respect is permissible, for example the Cave of Thawr, the Cave of Ḥirā' and the Jannat al-Muʿallā graveyard. Visit them only; do not perform any duʿā or act of worship there that is not established in the Sharīʿah. Many people deliberately pray two rakʿahs in the Cave of Ḥirā'; this is not from the Sunnah. When visiting Jannat al-Muʿallā, recite only the duʿās recited on entering any graveyard.

In Madinah, visiting Masjid an-Nabawi, the blessed grave, Masjid Qubā', Jannat al-Baqīʿ and the graves of the martyrs of Uḥud is established. The Prophet ﷺ visited Masjid Qubā' every week, sometimes walking and sometimes riding, and prayed two rakʿahs there. [Ṣaḥīḥ al-Bukhārī: 1193] He ﷺ said: "Whoever comes and prays in Masjid Qubā' has a reward like that of an ʿUmrah." [Sunan al-Nasā'ī: 700] So visit it and offer nafl prayers.

Hundreds of Companions, Followers and Imams are buried in Jannat al-Baqīʿ; visit it and pray for the forgiveness of the people of the graves. Visit the graves of the martyrs of Uḥud and pray for them too. Other places have historical value and may be visited for reflection, lessons and strengthening of faith, but no special worship should be done there, nor should their soil be taken as a blessing, as people often do.

مقدس مقامات کی زیارت

مکہ و مدینہ کو اسلامی تاریخ میں مرکزی حیثیت حاصل ہے، اس لیے یہاں بہت سے مقامات کو خاص شرف حاصل ہے۔ مکہ مکرمہ کے بیشتر مقدس مقامات مناسکِ حج میں آجاتے ہیں، اور کچھ ایسے ہیں جن کی شرعی حیثیت تو نہیں مگر تاریخی حیثیت ضرور ہے۔ اس لیے محبت و عقیدت سے ان کی زیارت میں کوئی حرج نہیں، مثلاً غارِ ثور، غارِ حرا اور قبرستانِ معلیٰ۔ ان مقامات کی صرف زیارت کی جائے اور کوئی ایسی دعا یا عبادت نہ کی جائے جو شرعاً ثابت نہیں۔ بہت سے لوگ جان بوجھ کر غارِ حرا میں دو رکعتیں پڑھتے ہیں، یہ غیر مسنون عمل ہے۔ قبرستانِ معلیٰ کی زیارت کرتے ہوئے وہی دعائیں پڑھیں جو عام قبرستان میں داخل ہوتے وقت پڑھی جاتی ہیں۔

مدینہ منورہ میں مسجدِ نبوی، قبرِ مبارک، مسجدِ قباء، جنت البقیع اور شہداءِ احد کی زیارت مشروع ہے۔ نبی کریم ﷺ ہر ہفتے کبھی پیدل اور کبھی سوار ہو کر مسجدِ قباء تشریف لے جاتے اور دو رکعتیں ادا فرماتے تھے۔ (صحیح البخاری: 1193) آپ ﷺ کا فرمان ہے: "جو شخص مسجدِ قباء میں آ کر نماز پڑھے، اس کے لیے عمرے کے برابر ثواب ہے۔" (سنن النسائی: 700) لہٰذا اس کی زیارت کریں اور نفل بھی ادا کریں۔

جنت البقیع میں سیکڑوں صحابہ، تابعین اور ائمہ مدفون ہیں۔ اس کی زیارت کریں اور اہلِ قبور کی مغفرت کے لیے دعا کریں۔ شہداءِ احد کی قبور کی زیارت کریں اور دعائے مغفرت کریں۔ ان کے علاوہ باقی مقامات تاریخی اہمیت رکھتے ہیں۔ عبرت، نصیحت اور ایمانی تقویت کے لیے ان کی زیارت کی جا سکتی ہے، لیکن وہاں کوئی مخصوص عبادت نہ کی جائے اور نہ وہاں کی مٹی تبرک سمجھ کر اٹھائی جائے، جیسا کہ عام طور پر لوگ کرتے ہیں۔

PART FIVE

Etiquette in the Holy Cities

مکہ و مدینہ کے آداب

Small habits that protect your reward and the comfort of millions of fellow guests of Allah.

Important Acts in Makkah and Madinah

مکہ و مدینہ میں کرنے کے اہم کام

Perform ʿUmrah and offer voluntary ṭawāf	عمرہ ادا کرنا اور نفل طواف کرنا
Offer voluntary prayers in the Ḥaṭīm	حطیم میں نوافل ادا کرنا
Pray in the front rows	اگلی صف میں نماز پڑھنا
Pray Tahajjud	نمازِ تہجد ادا کرنا
Help the elderly and the sick	بوڑھوں اور بیماروں کی مدد کرنا
Make duʿā for the Muslim Ummah	امتِ مسلمہ کے لیے دعائیں کرنا
Respond to the call of the Adhān	اذان کا جواب دینا
Pray in congregation and attend Jumuʿah	نماز باجماعت اور نمازِ جمعہ ادا کرنا
Recite the Holy Qur'an	قرآن پاک کی تلاوت کرنا
Remember and praise Allah	اللہ تعالیٰ کا ذکر اور حمد و ثنا کرنا
Send blessings and salām upon the Prophet ﷺ	نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجنا
Keep the masjid clean	مسجد کی صفائی کا خیال رکھنا

Undesirable Acts in Makkah and Madinah

مکہ و مدینہ میں ناپسندیدہ کام

Women not observing covering and hijab	خواتین کا ستر و حجاب کی پابندی نہ کرنا
Not keeping the masjid clean	مسجد میں صفائی کا خیال نہ رکھنا
Noise and disturbance near the blessed grave	قبرِ مبارک کے قریب شور و غل کرنا
Quarrelling and speaking loudly	جھگڑا کرنا اور اونچی آواز سے بات کرنا
Pushing others to move forward	دھکے دے کر آگے بڑھنے کی کوشش کرنا
Talking during the Friday sermon	خطبۂ جمعہ کے دوران گفتگو کرنا
Standing or sitting in pathways	راستوں میں کھڑے ہونا یا بیٹھنا
Unnecessary conversation	غیر ضروری باتوں میں مشغول ہونا
Talking on the phone during ṭawāf	دورانِ طواف موبائل پر گفتگو کرنا
Not cooperating with masjid staff	مسجد کے منتظمین سے تعاون نہ کرنا
Women praying ahead of men	خواتین کا مردوں سے آگے نماز پڑھنا
Women doing wuḍūʾ in front of men and uncovering arms	خواتین کا مردوں کے سامنے وضو کرنا اور بازو کھولنا

FOR YOUR JOURNEY

My Travel Notes

میرے سفری نوٹس

Fill this in before you fly and keep it with your passport.

Group leader / Mu'allim	لروپ لیڈر / معلم
PunjKash contact in KSA	سعودی عرب میں پنج کاش رابطہ
Hotel in Makkah	مکہ میں ہوٹل
Room no.	کمرہ نمبر
Hotel in Madinah	مدینہ میں ہوٹل
Room no.	کمرہ نمبر
Maktab / Tent no. (Hajj)	مکتب / خیمہ نمبر (حج)
Flight out / back	روانگی / واپسی پرواز
Passport no. kept with	پاسپورٹ کس کے پاس ہے
Emergency contact at home	گھر پر ہنگامی رابطہ

> In Saudi Arabia, the unified emergency number is **911**. Keep your hotel card and Nusuk app details with you at all times.

> This guide is for general guidance in the light of the Qur'an and Sahih Hadith. For any specific ruling or special situation, please consult a qualified scholar.
>
> یہ کتابچہ قرآن و صحیح احادیث کی روشنی میں عمومی رہنمائی کے لیے ہے۔ کسی خاص مسئلے میں مستند عالمِ دین سے رجوع کریں۔

لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ،
إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ

May Allah accept your Hajj and 'Umrah.

اللہ تعالیٰ آپ کا حج و عمرہ قبول فرمائے۔ آمین

PUNJKASH
TRAVEL & TOURISM
where every journey leads further

HAJJ · UMRAH · TICKETING · HOLIDAYS · TOURS · VISAS

0333 9395444 · www.punjkash.com · hello@punjkash.com
Dr Aasim Munir Dad 0300 9395444 · Ghulam Mustafa 0324 4948850
12 Commercial, Sector G, DHA Phase-1, Lahore, Pakistan

PunjKash Travel and Tourism (Private) Ltd · NTN J899985